لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۵ - جمادی الثانی سنہ ۱۳۴۰ھ مطابق ۱۳ فروری سنہ ۱۹۲۲ء	جلد ۳۴

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	رخصت میر احمد حسن خوشنویس	۱
۲	اضافہ ہیڈ کانسٹبل پولیس	۱
۳	اضافہ نام ساہوردگا سرن کو ایجان سرکاری	۲
۴	تقرر حجۃ الاسلام آقا سید محمد رضا صاحب بعہدہ ڈائرکٹری سررشتہ تعلیم	〃
۵	ترسیع بیاد سب انسپکٹران پولیس	〃
۶	[illegible]	〃
۷	عطاء اختیارات [illegible] بنام تحصیلدار حضور تحصیل	〃
۸	تنزل ہیڈ کانسٹبل پولیس	〃
۹	عطاء اختیارات بعہدہ سب جج خفیفہ	〃
۱۰	رخصت محمد [illegible] خان احمد	〃
۱۱	متعلق تنخواہ وغیرہ اہلکاران محافظ خانہ فوجداری	〃
۱۲	عطاء اختیارات دیوانی و فوجداری [illegible] نائب تحصیلدار تحصیل	〃
۱۳	[illegible]	〃

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۳ فروری سنہ ۱۹۲۲ء

میر احمد حسن خوشنویس کتب خانہ سرکاری کی رخصت چار ماہ بنا بر زیارت عتبات عالیات منظور فرمائی گئی - اور ایام رخصت کی تنخواہ پیشگی عطا ہوئی

۴ فروری سنہ ۱۹۲۲ء

امجد علیخان ہیڈ کانسٹبل پولیس شاہ آباد کی تنخواہ میں بعوض ...ہ روپیہ ماہوار کی تنخواہ میں تین روپیہ ماہوار اضافہ بوجہ پاس کرنے ٹریننگ اسکول مراد آباد منظور فرمایا گیا - اب پندرہ روپیہ تنخواہ ملیگی اور وہ الاؤنس جو بحالت داخلہ اسکول ملتا تھا نہیں ملیگا -

تقرر

۵ فروری سنہ ۱۹۲۲ء

حسب رپورٹ صاحب فائننشل سکریٹری بہادر خزانچیان سرکاری مین اضافہ نام ساہو درگا سرن خلف ساہو پرشوتم سرن منظور فرمایا گیا۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۵ فروری سنہ ۱۹۲۲ء

مولانا السید ظہور الحسن صاحب مجتہد العصر والزمان ڈائرکٹر سررشتہ تعلیم کو بعض ذاتی ضرورتین ایسی پیش آگئین جنکی وجہ سے انکا رامپور مین قیام نہین رہ سکتا ہے۔ لہذا عہدۂ جلیلۂ ڈائرکٹر سررشتہ تعلیم حجۃ الاسلام آقا سید محمد رضا صاحب طباطبائی مجتہد العصر والزمان کے تفویض فرماتے ہین۔

حکم ہوا کہ

احکام حسب صراحت بالا سررشتہ صدر سے جاری ہون

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۴ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء

حسب ملاحظہ تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس۔ یسین خان و احمد حسین خان سب انسپکٹرون کی ملازمت مین ختم میعاد سے چھ چھ ماہ کی توسیع اور منظور ہوئی

اضافہ

۲۴ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء

حسب سفارش صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس۔ نور محمد کلارک باضافہ تین روپیہ ماہوار بجائے مسیح اللہ ہیڈ محرر مقرر کیا گیا۔

اختیارات

یکم فروری سنہ ۱۹۲۲ء

تا انتظام ثانی مقدمات سرسری کے فیصلہ کا اختیار منشی امتیاز علیخان قائم مقام تحصیلدار حضور تحصیل کو حسب منظوری اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم دیا گیا

تنزل

یکم فروری سنہ ۱۹۲۲ء

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس فصیح الدین ہیڈ کانسٹبل کا درجہ تین ماہ کیواسطے بوجہ ناجائز حرکت کے تعداد مین تنزل کیا گیا۔ اب تین ماہ تک بجائے ... کے ... ماہوار تنخواہ ملیگی۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۳۰ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء

برطبق عرضداشت اجلاس ہذا منشی ارشاد احمد خان صاحب جج خفیفہ کو اختیارات مجسٹریٹ درجہ دوم اجلاس ہمایون سے عطا فرمائے گئے ہین۔ صاحب مجسٹریٹ ضلع حسب ضرورت مقدمات اختیاری مجسٹریٹ درجہ دوم منشی ارشاد احمد خانصاحب موصوف کے اجلاس مین بھیجتے رہین۔ جدید کسی اہلکار کے تقرر کی ضرورت نہین ہے۔ موجودہ عملہ عدالت خفیفہ سے کام لیا جائے۔ لہذا۔

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

ملخص احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۶ فروری سنہ ۱۹۲۲ء

محمد علیخان اہلمد عدالت صاحب اڈیشنل مجسٹریٹ درجہ دوم کی ... رخصت بلا وجہ علالت تا انتظام سابقہ منظور ہوئی۔

مستقلی

۶ فروری سنہ ۱۹۲۲ء

مظفر حسین خان نائب محافظ دفتر فوجداری و ابرار حسین خان محرر نسوں دخل خرچ محرر متفرقات محافظخانہ فوجداری کو جو جو اضافہ جات چند ماہ کیواسطے دیے گئے تھے بوجہ ختم میعاد مستقل کر دیے اور بہاء الدین احمد خان محرر محافظخانہ فوجداری شاہرہ ... ماہوار مستقل ہوا

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۶ فروری سنہ ۱۹۲۲ء

تا انتظام ثانی۔ عارضی اختیارات صیغہ دیوانی مین منیر مستقل کے اور صیغہ فوجداری مین مجسٹریٹ درجہ دوم کے امتیاز علیخان نائب تحصیلدار حضور تحصیل کو دئے جاتے ہین۔ حکم ہوا کہ احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۶ لغایت ۱۲ فروری ۱۹۲۲ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم			۳ ۰ ار	۳ ار		۳ ۰ ار	
نخود خالص			۴ ار	۴ ار		۴ ۰ ار	
نخود کسہ آمیز			۴ ار	۳ ۰ ار		۵ ار	
کت			۴ ۰ ار	۴ ار		۷ ار	
ماش			۶ ار	۰		۵ ۰ ار	
مونگ			۵ ار	۰		۵ ار	
[illegible]			۷ ۰ ار	۰		۷ ۰ ار	
جئی			۰	۵ ار		۷ ار	
گوجئی			۰	۵ ار		۵ ۰ ار	
مسور			۰	۴ ار		۰	
ارہر			۰	۰		۰	
برنج			۴ ۰ ار	۴ ار		۵ ار	
روغن زرد			۱۰ ار	۱۰ ار		۱۰ ار	
روغن سیاہ			۲ ار	۱ ار		۱ ۰ ار	
روغن کنجد			۱ ار	۲ ار	،	۱ ار	
نمک سانبھر			۱۲ ار	۹ ۰ ار		۱۱ ار	
نمک لاہوری			۶ ار	۵ ار		۷ ار	
قند سیاہ			۳ ۰ ار	۳ ار		۳ ۰ ار	
باجرہ			۵ ۰ ار	۵ ۰ ار		۷ ار	دیگر تحصیلوں سے نقشہ نہیں آیا